Armaan Technologies

A Unit of Al-Firdous Foundation (India)

Maulana Azad National Urdu University, Hyderabad

M.A (Urdu, ODL) – 2nd Semester, Question Papers [Oct. 2023]

مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، حیدرآباد

ایم اے (اردو) – دوسرا سمسٹر، سوالیہ پرچے [اکتوبر 2023]

Total 4 Papers in 2nd Semester of MANUU M.A (Urdu) – ODL

مانو، ایم اے (اردو) - فاصلاتی تعلیم، دوسرا سمسٹر میں کُل **4** پرچے ہیں۔

1	Dakni Adab	دکنی ادب
2	Urdu Ghazal	اُردو غزل
3	Urdu Novel	اُردو ناول
4	Allama Iqbal	علامہ اقبال

ایم اے (اردو)، دوسرا سمسٹر

پرچہ : دکنی ادب

M.A (Urdu) 2nd Semester - 2023

Paper : MAUR201CCT : Dakni Adab

Time : 3 hrs

Marks: 70

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ (10 x 1 = 10 Marks)

2. حصہ دوم میں 8 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی 5 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو (200) لفظوں پر مشتمل ہو۔ ہر سوال کے لیے 6 نمبرات مختص ہیں۔ (5 x 6 = 30 Marks)

3. حصہ سوم میں 5 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی 3 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو (500) لفظوں پر مشتمل ہو۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ (3 x 10 = 30 Marks)

حصہ اول

سوال : 1

(i) دکنی لفظ ''بہوت'' کا معنی کیا ہیں؟

(a) بہت (b) اور (c) پری (d) زیادہ

(ii) مملکت گولکنڈہ کا آخری بادشاہ کون تھا؟

(a) ابوالحسن تاناشاہ (b) قلی قطب شاہ (c) ابراہیم قطب شاہ (d) عبداللہ قطب شاہ

(iii) ''سب رس'' کا مصنف کون ہے؟

(a) محمد قلی قطب شاہ (b) اسداللہ وجہی (c) امین الدین اعلیٰ (d) غواصی

(iv) ذیل کی کون سی مثنوی غواصی کی نہیں ہے؟

(a) طوطی نامہ (b) میناستونتی (c) سیف الملوک وبدیع الجمال (d) کدم راؤ پدم راؤ

(v) ''چھنداں چھنداں'' کس کی تصنیف ہے؟

(a) خوب محمد چشتی (b) شیخ احمد گجراتی (c) قاضی محمود بحری (d) میاں مصطفیٰ

(vi) ذیل کی کون سی کتاب نصیرالدین ہاشمی کی ہے؟

(a) دکن میں اردو (b) پنجاب میں اردو (c) اڑیسہ میں اردو (d) لاہور میں اردو

(vii) دکنی اردو کا دوسرا نام کیا ہے؟

(a) ہندوی (b) اردوئے معلی (c) اردوئے قدیم (d) ریختہ

(viii) ''کلمۃ الحقائق'' کس کی تصنیف ہے؟

(a) امین الدین اعلیٰ (b) میراں جی شمس العشاق (c) برہان الدین جانم (d) میراں جی خدانما

(ix) رسالہ ''سب رس'' کہاں سے لکھتا ہے؟

(a) دہلی (b) بنارس (c) لکھنؤ (d) حیدرآباد

(x) ''دکنی انوار سہیلی'' کس کی تصنیف ہے؟

(a) محب حسنین (b) شمس اللہ قادری (c) صوفی ملکاپوری (d) منشی ابراہیم بیجاپوری

حصہ دوم

2۔ دکنی زبان کے ارتقائی پس منظر کو بیان کیجیے۔

3۔ نصرتی کے حالات زندگی بیان کیجیے۔

4۔ محمد قلی قطب شاہ کی ریختہ گوئی پر نوٹ لکھیے۔

5۔ قاضی محمود بحری پر نوٹ لکھیے۔

6۔ غواصی کی غزل گوئی کی خصوصیات بیان کیجیے۔

7۔ بہمنی دور میں قصیدے کی روایت بیان کیجیے۔

8۔ قطب شاہی دور میں دکنی نثر کے ارتقا پر روشنی ڈالیے۔

9۔ کسی دو پر نوٹ لکھیے۔

i) حضرت خواجہ بندہ نوازؒ ii) میراں جی شمس العشاق iii) محمود خوش دہاں

حصہ سوم

10۔ دکنی اردو کے بنیاد گزار صوفیا کرام کی ادبی خدمات پر روشنی ڈالیے۔

11۔ سلطان محمد قلی قطب شاہ کی غزل گوئی پر مضمون لکھیے۔

12۔ سب رس کی ادبی ولسانی اہمیت پر اظہار خیال کیجیے۔

13۔ سراج اورنگ آبادی کی غزل گوئی کی خصوصیات بیان کیجیے۔

14۔ کلمۃ الحقائق کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ بیان کیجیے۔

***

ایم اے (اردو) دوسرا سمسٹر

پرچہ : اردو غزل

M.A (Urdu) 2nd Semester - 2023

Paper : MAUR202CCT : Urdu Ghazal

Time : 3 hrs

Marks: 70

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات / خالی جگہ پُر کرنا / مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**

2. حصہ دوم میں 8 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی 5 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو (200) لفظوں پر مشتمل ہو۔ ہر سوال کے لیے 6 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**

3. حصہ سوم میں 5 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی 3 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو (500) لفظوں پر مشتمل ہو۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال : 1

(i) غزل کے آخری شعر کو کیا کہتے ہیں؟

(a) مطلع (b) حسن مطلع (c) تخلص (d) مقطع

(ii) میر تقی میر کا اصل نام کیا تھا؟

(a) محمد تقی (b) محمد نبی (c) تقی احمد (d) ان میں سے کوئی نہیں

(iii) مرزا غالب کی پیدائش کہاں ہوئی؟

(a) دہلی (b) لکھنؤ (c) آگرہ (d) کلکتہ

(iv) آتش کے آباواجداد کہاں کے رہنے والے تھے؟

(a) بغداد (b) ایران (c) بنگلہ دیش (d) نیپال

(v) ذیل کا کون سا شعری مجموعہ اقبال کا نہیں ہے؟

(a) بانگ درا (b) جاوید نامہ (c) ضرب کلیم (d) گل نغمہ

(vi) فانی بدایونی کا پہلا مجموعہ کلام کون سا ہے؟

(a) باقیات فانی (b) دیوان فانی (c) عرفانیات فانی (d) وجدانیات فانی

(vii) حسرت موہانی نے کتنی مرتبہ حج کیا تھا؟

(a) پندرہ (b) بیس (c) اکتیس (d) چالیس

(viii) ''نشتریات'' کس کا شعری مجموعہ ہے؟

(a) فانی بدایونی (b) علامہ اقبال (c) یاس یگانہ چنگیزی (d) جگر مرادآبادی

(ix) ''شہنشاہ تغزل'' کسے کہتے ہیں؟

(a) فانی بدایونی (b) علامہ اقبال (c) یاس یگانہ چنگیزی (d) جگر مرادآبادی

(x) فیض احمد فیض کا پہلا شعری مجموعہ کون سا ہے؟

(a) نقش فریادی (b) دست صبا (c) زنداں نامہ (d) دست تہہ سنگ

حصہ دوم

2۔ غزل کی تعریف بیان کیجیے۔

3۔ دبستان لکھنؤ کی غزلیہ شاعری پر مضمون لکھیے۔

4۔ حسرت موہانی کی غزل گوئی پر نوٹ لکھیے۔

5۔ میر تقی میر کے حالات زندگی بیان کیجیے۔

6۔ خواجہ میر درد کی غزل گوئی کی خصوصیات بیان کیجیے۔

7۔ نئی غزل کے موضوعات پر اظہار خیال کیجیے۔

8۔ مصحفی کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ بیان کیجیے۔

9۔ جگر مرادآبادی کی شاعرانہ خصوصیات بیان کیجیے۔

حصہ سوم

10۔ اردو غزل کے آغاز وارتقا پر نوٹ لکھیے۔

11۔ دبستان دہلی کی شاعری کے موضوعات پر مضمون لکھیے۔

12۔ مرزا غالب کی شاعرانہ خصوصیات بیان کیجیے۔

13۔ جدید غزل کے نمائندہ شاعروں کا تعارف پیش کیجیے۔

14۔ ناصر کاظمی کے حالات زندگی پر روشنی ڈالتے ہوئے ان کی غزل گوئی پر تبصرہ کیجیے۔

***

ایم اے (اردو) دوسرا سمسٹر

پرچہ : اردو ناول

M.A (Urdu) 2nd Semester - 2023

Paper : MAUR203CCT : Urdu Novel

Time : 3 hrs Marks: 70

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**

2. حصہ دوم میں 8 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی 5 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو (200) لفظوں پر مشتمل ہو۔ ہر سوال کے لیے 6 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**

3. حصہ سوم میں 5 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی 3 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو (500) لفظوں پر مشتمل ہو۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال : 1

(i) ناول کس زبان کا لفظ ہے؟

(a) اردو (b) انگریزی (c) فرانسیسی (d) اطالوی

(ii) "A Tale of two Cities" کس کا ناول ہے؟

(a) چالس ڈکنس (b) تھامس ہارڈی (c) لیوٹالسٹائی (d) آسکر وائلڈ

(iii) ''زمرد'' اور ''حسین'' کس ناول کے کردار ہیں؟

(a) امراؤجان ادا (b) فردوس بریں (c) گئودان (d) ٹیڑھی لکیر

(iv) اردو کا پہلا ناول کون سا ہے؟

(a) مراۃالعروس (b) فردوس بریں (c) آگ کا دریا (d) ایامیٰ

(v) منشی پریم چند کی پیدائش کس سنہ میں ہوئی؟

(a) 1850 (b) 1860 (c) 1870 (d) 1880

(vi) ''منصور موہنا'' کس کا ناول ہے؟

(a) نذیر احمد (b) عبدالحلیم شرر (c) محمد ہادی رسوا (d) پریم چند

(vii) ذیل کا کون سا ناول نذیر احمد کا نہیں ہے؟

(a) ابن الوقت (b) رویائے صادقہ (c) امراؤجان ادا (d) توبۃ النصوح

(viii) ناول ''آگ کا دریا'' کتنے ابواب پر مشتمل ہے؟

(a) 76 (b) 78 (c) 91 (d) 101

(ix) ''ہوری'' کس ناول کا کردار ہے؟

(a) امراؤ جان ادا (b) فردوس بریں (c) ٹیڑھی لکیر (d) گئودان

(x) عصمت چغتائی کا انتقال کہاں ہوا؟

(a) ممبئی (b) دہلی (c) لکھنؤ (d) حیدرآباد

حصہ دوم

2۔ مغرب میں ناول کی روایت پر مختصراً روشنی ڈالیے۔

3۔ ڈپٹی نذیر احمد کی ادبی خدمات پر روشنی ڈالیے۔

4۔ مرزا محمد ہادی رسوا کے حالات زندگی بیان کیجیے۔

5۔ ناول ''فردوس بریں'' کا خلاصہ بیان کیجیے۔

6۔ ناول میں کردار نگاری کی اہمیت کو واضح کیجیے۔

7۔ ناول ''بوڑھا اور سمندر'' کا خلاصہ پیش کیجیے۔

8۔ عصمت چغتائی کے سوانحی کوائف پر روشنی ڈالیے۔

9۔ ''گوتم نیلمبر'' کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ بیان کیجیے۔

حصہ سوم

10۔ ناول کی تعریف بیان کرتے ہوئے اس کے اجزائے ترکیبی پر مضمون قلم بند کیجیے۔

11۔ مغربی ناولوں کا تنقیدی مطالعہ پیش کیجیے۔

12۔ اردو میں ناول نگاری کے آغاز وارتقا پر روشنی ڈالیے۔

13۔ ناول ''گئودان'' پر مضمون قلم بند کیجیے۔

14۔ ''آگ کا دریا'' کا موضوعاتی مطالعہ پیش کیجیے۔

***

ایم اے (اردو) ' دوسرا سمسٹر

پرچہ : علامہ اقبال

M.A (Urdu) 2nd Semester - 2023

Paper : MAUR201DST : Allama Iqbal

Marks: 70

Time : 3 hrs

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔
(10 x 1 = 10 Marks)

2. حصہ دوم میں 8 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی 5 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو (200) لفظوں پر مشتمل ہو۔ ہر سوال کے لیے 6 نمبرات مختص ہیں۔
(5 x 6 = 30 Marks)

3. حصہ سوم میں 5 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی 3 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو (500) لفظوں پر مشتمل ہو۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔
(3 x 10 = 30 Marks)

حصہ اول

سوال : 1

(i) علامہ اقبال کی پیدائش کہاں ہوئی؟

(a) سیالکوٹ (b) لاہور (c) پنجاب (d) ٹوبہ ٹیک سنگھ

(ii) اقبال نے پہلی مرتبہ یورپ کا سفر کس سنہ میں کیا؟

(a) 1890 (b) 1905 (c) 1910 (d) 1920

(iii) علامہ اقبال کے کس شعری مجموعے میں اردو اور فارسی دونوں کلام شامل ہیں؟

(a) بانگ درا (b) بال جبرئیل (c) ارمغان حجاز (d) اسرار خودی

(iv) علامہ اقبال کی کون سی کتاب نثر میں ہے؟

(a) پیام مشرق (b) زبور عجم (c) جاوید نامہ (d) علم الاقتصاد

(v) اقبال کی نظم ''مسجد قرطبہ'' میں کتنے بند ہیں؟

(a) آٹھ (b) دس (c) بارہ (d) پندرہ

(vi) شعری مجموعہ ''بال جبرئیل'' کب شائع ہوا؟

(a) 1924 (b) 1935 (c) 1936 (d) 1938

(vii) علامہ اقبال کی والدہ محترمہ کا کیا نام تھا؟

(a) سردار بیگم (b) مختار بیگم (c) امام بی بی (d) کریم بی بی

(viii) نظم ''ہندوستانی بچوں کا قومی گیت'' اقبال کے کس شعری مجموعے میں شامل ہے؟

(a) ارمغان حجاز (b) ضرب کلیم (c) بال جبرئیل (d) بانگ درا

(ix) ''کلیات مکاتیب اقبال'' کا مرتب کون ہے؟

(a) شیخ محمد عطاء اللہ (b) شیخ اعجاز احمد (c) سید مظفر حسین برنی (d) عبداللہ قریشی

(x) اقبال کے خطبات کی تعداد کتنی ہے؟

(a) سات (b) پانچ (c) دس (d) بارہ

حصہ دوم

2۔ علامہ اقبال کے حالات زندگی بیان کیجیے۔

3۔ اقبال کے فارسی شعری مجموعوں کا تعارف پیش کیجیے۔

4۔ ''ضرب کلیم'' کی خصوصیات بیان کیجیے۔

5۔ اقبال کے تصور عشق پر مضمون لکھیے۔

6۔ نظم ''خضر راہ'' کا پس منظر بیان کیجیے۔

7۔ نظم ''ہندوستانی بچوں کا قومی گیت'' کا خلاصہ بیان کیجیے۔

8۔ اقبال کی رباعی گوئی پر مضمون قلم بند کیجیے۔

9۔ خطوط اقبال کے طرز تحریر کو بیان کیجیے۔

حصہ سوم

10۔ اقبال کی علمی وادبی خدمات پر روشنی ڈالیے۔

11۔ نظم ''مسجد قرطبہ'' کا تجزیاتی مطالعہ پیش کیجیے۔

12۔ اقبال کی غزل گوئی کی خصوصیات بیان کیجیے۔

13۔ خطوط اقبال کی روشنی میں اقبال کی سیرت وشخصیت پر روشنی ڈالیے۔

14۔ خطبات اقبال کی خصوصیات بیان کیجیے۔

***

Thank You

https://www.youtube.com/@armaantechnologies

https://archive.org/details/@armaan_technologies